صفت کلام

(1) کلام رب تعالیٰ کی صفت ہے؟

1۔ازلی	2۔حادث	3۔اضافی	4۔اعتباری

(2) صفت کلام کو تعبیر کیا جاتا ہے۔

1۔غزل کے ساتھ	2۔اس نظم کے ساتھ جس کو قرآن سے تعبیر کیا جاتا ہے۔	3۔نثر کے ساتھ	4۔شعر کے ساتھ۔

(3) صفت کلام کو عربی میں نام دیا گیا ہے؟

1۔قرآن کا	2۔زبور کا	3۔انجیل کا	4۔تورات کا

(4) صفت قرآن مرکب ہے؟

1۔اسماء سے	2۔حروف سے	3۔جملوں سے	4۔ان سب سے

(5) آمر ناھی اور مخبر اپنے نفس میں پاتا ہے۔

1۔الفاظ	2۔معنیٰ	3۔الفاظ و معنیٰ دونوں	4۔ان میں سے کوئی بھی نہیں

(6) مخبر کے نفس میں موجود معنیٰ پر کتنی چیزیں دلالت کرتی ہیں؟

1۔عبارت	2۔کتابت	3۔اشارہ	4۔یہ سب

(7) جو کلام نفس میں پایا جاتا ہے اس کو۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔

1۔کلام لفظی	2۔کلام نفسی	3۔کلام لسانی	4۔کلام ذہنی

(8) ان الکلام لفی الفؤاد وانما جعل اللسان علی الفؤاد دلیلا یہ شعر کس کا ہے؟

1۔غالب کا	2۔زمخشری کا	3۔اخطل کا	4۔ابو علی جبائی کا

(9) کلام نفسی کے ثبوت پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے؟

1۔ان الکلام لفی الفؤاد	2۔انی زورت فی نفسی مقالۃ	3۔ماازدت ان اقولہ	4۔ان فی نفسی کلاما

(10) ماتریدیہ کے نزدیک رب تعالیٰ کی صفات ذاتیہ کتنی ہیں؟

1۔ 5	2۔ 7	3۔ 8	4۔ بے شمار

(11) اھلسنت متکلمین کے نزدیک صفت کلام قائم ہے۔

1۔رب تعالیٰ کے ساتھ	2۔جبرائیل علیہ السلام کے ساتھ	3۔موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ	4۔کسی غیر کے ساتھ

(12) کونسی 3 صفات کے بارے میں زیادہ نزاع (جھگڑا، اختلاف) ہے۔

1۔علم، تکوین، ارادہ	2۔ارادہ، تکوین، کلام	3۔کلام، تکوین، علم	4۔سمع، بصر، تکوین

(13) صفت کلام کے ثبوت کے بغیر متکلم ہونا۔۔۔۔۔۔ہے۔

1۔جائز	2۔واجب	3۔مشکل	4۔محال

(14) اللہ کی صفت کلام کس جنس سے ہے؟

1۔حروف کی	2۔اصوات کی	3۔دونوں سے	4۔ان میں سے کوئی بھی نہیں

(15) خرس کا معنیٰ ہے؟

1۔گونگا	2۔بہرہ	3۔اندھا	4۔خاموش

(16) کلام کی اقسام ہیں؟

1۔ 2	2۔ 5	3۔ 7	4۔ 8

(17) ہم اہلسنت متکلمین کے نزدیک جو قرآن رب تعالیٰ کا کلام ہے وہ ہے؟

1۔ مخلوق	2۔ غیر مخلوق	3۔ حادث	4۔ ان میں سے کوئی بھی نہیں

(18) صفت کلام کن دو چیزوں کے منافی ہے؟

1۔ آفت و سکوت	2۔ خلل و سکوت	3۔ آفت و خلل	4۔ گونگا ہونے کے

(19) قرآن۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے؟

1۔ کلام اللہ	2۔ کلام ملائکہ	3۔ کلام موسیٰ	4۔ کلام جبرائیل

(20) شئی کا وجود ہوتا ہے؟

1۔ اعیان میں	2۔ اذھان میں	3۔ کتابت میں	4۔ ان سب سے

(21) کلام قدیم جو رب تعالیٰ کی صفت ہے اسکا سننا جائز ہے؟

1۔ اشاعرہ کے نزدیک	2۔ معتزلہ کے نزدیک	3۔ ماتریدیہ کے نزدیک	4۔ حنابلہ کے نزدیک

(22) رب تعالیٰ کے کلام نفسی کو سننا جائز نہیں۔

1۔ امام ابو اسحاق اور ماتریدیہ کے نزدیک	2۔ اشاعرہ کے نزدیک	3۔ فقط ابو اسحاق کے نزدیک	4۔ فقط ماتریدیہ کے نزدیک

(23) موسیٰ علیہ السلام نے جو کلام سنا تھا وہ تھا؟

1۔ کلام نفسی	2۔ کلام نفسی پر دلالت کرنے والا کلام	3۔ کلام لفظی	4۔ ان میں سے کوئی بھی نہیں

(24) لفظ قرآن شامل ہے

1۔ فقط الفاظ کو	2۔ فقط معنیٰ کو	3۔ لفظ و معنیٰ دونوں کو	4۔ ان میں سے کوئی بھی نہیں

(25) قرآن جو کلام اللہ ہے وہ لکھا گیا ہے۔

1۔ اذھان میں	2۔ مصاحف میں	3۔ نفوس میں	4۔ سینوں میں

(26) قرآن محفوظ ہے۔

1۔ دلوں میں	2۔ ذھنوں میں	3۔ مصاحف میں	4۔ ان سب میں

صفت تکوین

(27) تکوین رب تعالیٰ کی صفت ہے۔

1۔ قدیمہ، ازلیہ	2۔ حادثہ	3۔ اضافیہ	4۔ ان میں سے کوئی بھی نہیں

(28) تکوین اللہ کی صفت ہے اس پر اتفاق ہے۔

1۔ احناف و شوافع کا	2۔ عقل و نقل کا	3۔ سب کا	4۔ اھلسنت و معتزلہ کا

(29) صفت تکوین کے ازلی ہونے پر شارح علیہ رحمہ ادلہ ذکر فرمائی ہیں

1۔ 3	2۔ 5	3۔ 4	4۔ بے شمار

(30) صفت تکوین کن کے نزدیک ایک اعتباری صفت ہے۔

1۔ ماتریدیہ کے نزدیک	2۔ اشاعرہ کے نزدیک	3۔ معتزلہ کے نزدیک	4۔ سب کے نزدیک

(31) صفت تکوین اشاعرہ کے نزدیک ہے۔

1۔حادث	2۔قدیم	3۔محال	4۔ان میں سے کوئی بھی نہیں

(32) صفت تکوین ازلی ابدی حقیقی صفت ہے۔

1۔معتزلہ کے نزدیک	2۔اشاعرہ کے نزدیک	3۔مشائخ ماوراء النھر کے نزدیک	4۔ماتریدیہ کے نزدیک

(33) وھو تکوینہ للعالم ولکل جزء من اجزائہ۔

1۔لوقت وجودہ	2۔لوقت اشکالہ	3۔لوقت عدمہ	4۔لوقت غیرہ

(34) رب تعالیٰ کی ذات کا محل حوادث ہونا۔۔۔۔۔۔ہے۔

1۔ممکن	2۔محال	3۔جائز	4۔کوئی بھی نہیں

(35) اماتت کا معنی ہے۔

1۔سفر کرنا	2۔موت دینا	3۔دیکھنا	4۔سونگھنا

(36) صاحب کفایہ نے یہ تعریف کس کی ہے؟ جس کا وجود غیر کے ساتھ متعلق نہ ہو۔

1۔حادث کی	2۔قدیم کی	3۔ازلی کی	4۔تکوین کی

(37) جس کے وجود کی بدایت ہو۔ یہ تعریف اھلسنت متکلمین کے نزدیک کس کی ہے؟

1۔حادث کی	2۔معدوم کی	3۔قدیم کی	4۔تکوین کی

(38) تکوین ماتریدیہ کے نزدیک ہے؟

1۔عین مکون	2۔قدیم بالزمان	3۔غیر مکون	4۔حادث بالذات

(39) محققین کے نزدیک رب تعالیٰ کی تمام صفات ذاتیہ اور فعلیہ کا مرجع ہے۔

1۔صفت ارادہ	2۔صفت کلام	3۔صفت تکوین	4۔صفت سمع

(40) معتزلہ کہتے ہیں کہ ۔ اگر تکوین کو قدیم مانیں تو۔۔۔۔۔۔کا قدیم ہونا لازم آئے گا۔

1۔مکونات کا	2۔مکون کا	3۔صفات کا	4۔انسانوں کا

(41) تکوین کا مترادف ہے۔

1۔ضرب	2۔تخلیق	3۔تکلم	4۔سمع

(42) صفت تکوین کی تفسیر کی جاتی ہے

1۔وجود سے عدم کی طرف نکالنا	2۔کلی سے زیادتی کی طرف نکالنا	3۔عدم سے وجود کی طرف نکالنا	4۔کون سے مکون کی طرف نکالنا

(43) تکوین کو حادث مان لیں تو لازم آئے گا۔

1۔تسلسل	2۔محال	3۔دور	4۔تخلف

(44) فلاسفہ کے نزدیک ھیولیٰ ہے۔

1۔حادث	2۔محال	3۔قدیم	4۔ممکن

(صفت ارادہ)

(45) ارادہ رب تعالیٰ کی صفت ہے۔

1۔ازلی،قدیم	2۔عارضی	3۔حادث	4۔ان میں سے کوئی نہیں

(46) صفت ارادہ کو مکرر ذکر کیا

1۔تاکید و تحقیق کے لیے	2۔تخصیص کے لیے	3۔توضیح کے لیے	4۔تقریر کے لیے

(47) فلاسفہ کے نزدیک رب تعالیٰ کی ذات۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

1۔فاعل موجب	2۔فاعل مختار	3۔دونوں	4۔ان میں سے کوئی بھی نہیں

(48) فرقہ نجاریہ کے نزدیک رب تعالیٰ ہے؟

1۔فاعل مختار	2۔مرید بالذات	3۔فاعل موجب	4۔موجب بالذات

(49) کرامیہ کے نزدیک اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہے

1۔حادث فی الذات	2۔حادث فی الغیر	3۔حادث فی الارادہ	4۔مرید بالذات

(50) معلول کا علت موجبہ سے تخلف۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

1۔ممکن	2۔واجب	3۔محال	4۔حرام

رؤیت باری تعالیٰ

(51) اھل حق امکان رؤیت پر کتنی وجھوں سے استدلال کرتے ہیں

1۔ایک	2۔پانچ	3۔تین	4۔دو

(52) اھل حق کے نزدیک امکان رؤیت کی دلیلیں کونسی ہیں؟

1۔عقلی بصری	2۔عقلی سمعی	3۔سمعی بصری	4۔کوئی نہیں

(53) رؤیت کن کے نزدیک ممکن ہے

1۔معتزلہ	2۔جبریہ	3۔اہلسنت	4۔آتش پرست

(54) امکان رؤیت باری تعالیٰ کے منکر ہیں

1۔اہلسنت	2۔ماتریدیہ	3۔معتزلہ	4۔نیچریہ

(55) عقل جب خالی ہو اور کوئی دلیل بھی قائم نہ ہو تو کس چیز کا حکم لگاتی ہے؟

1۔امتناع رؤیت	2۔امکان رؤیت	3۔عدم امکان	4۔ان میں کوئی نہیں

(56) اثبات شئی کما ھو بحاسۃ البصر تعریف ہے؟

1۔تکوین کی	2۔سماعت کی	3۔رؤیت کی	4۔تقدیر کی

(57) انکم سترون ربکم کما ترون۔۔۔۔۔۔۔ حدیث کو روایت کیا ہے؟

1۔اکابر صحابہ نے	2۔تابعین نے	3۔غیر فقیہ صحابہ نے	4۔سب نے

(58) انکم سترون ربکم کما ترون القمر لیلۃ البدر اس حدیث کو کتنے اکابر صحابہ نے روایت کیا

1۔ 71	2۔ 41	3۔ 21	4۔ 27

(59) رؤیت اللہ کا معنی ہے

1۔انکشاف تام	2۔انکشاف ناقص	3۔انکشاف منسلک	4۔یہ سب

(60) شارح نے رؤیت کی مثال کس چیز کو دیکھنے سے بیان فرمائی

1۔سورج	2۔چراغ	3۔چاند	4۔نور

(61) ہم مختلف اجسام واعراض کے درمیان فرق کرتے ہیں

1۔بصر کے ساتھ	2۔ سمع کے ساتھ	3۔ عقل کے ساتھ	4۔ان میں کوئی نہیں

(62) رؤیت مصدر کس معنی میں ہے

1۔ مبنی للصفت	2۔ مبنی للفاعل	3۔ مبنی للمفعول	4۔مذکورہ تمام

(63) حکم مشترک کے لیے کس چیز کا ہونا ضروری ہے

1۔علت تامہ	2۔علت ناقصہ	3۔علت مشترکہ	4۔علت خاصہ

(64) وجود بعد العدم کس چیز سے تعبیر کیا گیا ہے؟

1۔امکان	2۔حدوث	3۔وجود	4۔قدیم

(65) علت ہونے میں کس چیز کو دخل نہیں؟

1۔ حدوث	2۔وجود	3۔عدم	4۔سب کو

(66) شارح نے چار علتوں میں سے کس کو متعین کیا؟

1۔ حدوث	2۔وجود	3۔ عدم	4۔امکان

(67) رؤیت کی شرائط میں سے مرئی کا ہونا؟

1۔ کسی جہت میں	2۔مکان میں	3۔رائی سے خاص فاصلے پر	4۔مذکورہ تمام

(68) معراج کی رات حضور ﷺ کو دیدار الٰہی ہونے میں اختلاف صحابہ کس چیز پر دال ہے؟

1۔امکان رؤیت	2۔امتناع رؤیت	3۔عدم رؤیت	4۔کوئی نہیں

(69) وجوہ یومئذ ناضرۃ الی ربھا ناظرہ یہ آیت مبارکہ کس کے ثبوت پر دلیل ہے

1۔معراج	2۔رؤیت	3۔ تکوین	4۔ارادہ

(70) واقویٰ شبھہم من العقلیات سے کس کے دلائل ذکر ہوئے ہیں؟

1۔معتزلہ کے	2۔ماتریدیہ کے	3۔اہلسنت کے	4۔حنابلہ کے

(71) غائب کو شاہد پر قیاس کرنا

1۔ثابت ہے	2۔فاسد ہے	3۔جائز ہے	4۔ مستحسن ہے

واللہ تعالیٰ خالق لافعال العباد

(72) کس کے نزدیک اللہ تعالیٰ بندے کے تمام افعال کا خالق ہے

1۔فلاسفہ کے نزدیک	2۔اہلسنت کے نزدیک	3۔معتزلہ کے نزدیک	4۔جبریہ کے نزدیک

(73) کس کے نزدیک اللہ تعالیٰ بندے کے تمام افعال کا خالق نہیں ہے۔

1۔ معتزلہ	2۔ قدریہ	3۔فلاسفہ	4۔اہلسنت

(74) بندہ اگر خود اپنے افعال کا خالق ہوتا تو ان کی تمام تر تفاصیل کو جانتا ہوتا حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ یہ کس کی دلیل ہے؟

1۔ کرامیہ کی	2۔فلاسفہ کی	3۔اھل سنت کی	4۔معتزلہ کی

(75) واللہ خلقکم وماتعملون میں ، ما ، ہے؟

1۔ما مصدریہ اور موصولہ	2۔ موصولہ فقط	3۔فقط مصدریہ	4۔مانافیہ

(76) واللہ خلقکم وماتعملون اس آیت مبارکہ میں ما میں کتنے احتمال ہیں۔

1۔ 5	2۔ 7	3۔ 2	4۔ بے شمار

(77) واللہ خلقکم وماتعملون اس آیت مبارکہ سے کس نے استدلال کیا ہے؟

1۔کرامیہ نے	2۔اھلسنت متکلمین نے	3۔معتزلہ نے	4۔جبریہ نے

(78) بندہ اپنے افعال اختیاریہ کا خود خالق ہے۔

1۔معتزلہ کے نزدیک	2۔اہلسنت کے نزدیک	3۔فلاسفہ کے نزدیک	4۔جبریہ کے نزدیک

(79) آیت خالق کل شئی میں شارح نے کونسا لفظ نکال کر اشکال دور کیا؟

1۔ممکن	2۔واجب	3۔ضروری	4۔بدیہی

(80) معتزلہ سے تو مجوسی ایک وجہ سے بہتر ہیں یہ کن کا قول ہے؟

1۔اہلسنت کا	2۔احناف کا	3۔شوافع اور حنابلہ کا	4۔مشائخ ماوراء النھر

(81) افمن یخلق کمن لا یخلق یہ آیت مبارکہ کس محل میں ہے؟

1۔مقام حسرت میں	2۔مقام مدح میں	3۔مقام ذم میں	4۔مقام شکر میں

(82) فتبارک اللہ احسن الخالقین اس آیت مبارکہ میں خلق کس معنی میں ہے؟

1۔تقدیر کے معنی میں	2۔انتشار کے معنی میں	3۔مشی کے معنی میں	4۔تینوں کے معنی میں

(83) بالاتفاق افعال اضطراریہ کا خالق ہے۔

1۔اللہ تعالیٰ	2۔جبرائیل علیہ السلام	3۔بندہ خود	4۔ابلیس

(84) واذ تخلق من الطین کھیئۃ الطیر اس آیت مبارکہ میں خالقین کس معنی میں ہیں؟

1۔ حقیقی معنی میں	2۔مجازی معنی میں	3۔ذاتی معنی میں	4۔اضافی معنی میں

(85) ہم فرق کرتے ہیں؟

1۔ماشی اور رعشے والے کے درمیان	2۔ماشی اور عاصی کے درمیان	3۔مؤمن اور منافق کے درمیان	4۔قاعد اور ماشی کے درمیان

(86) اھلسنت متکلمین کے نزدیک ان کے مذہب پر کہ بندہ اپنی افعال کا خالق نہیں ہے کس چیز سے دلیل دی؟

1۔قرآن سے	2۔حدیث سے	3۔اجماع سے	4۔ان سب سے

(87) افعال عباد کس کی مشیت سے ہوتے ہیں؟

1۔اللہ پاک کی مشیت سے	2۔بندے کی مشیت سے	3۔فرشتے کی مشیت سے	4۔جبرائیل علیہ السلام کی مشیت سے

(88) شارح علیہ الرحمہ نے قضاء کا کیا معنی بیان کیا ہے؟

1۔الفعل مع زیادۃ احکام	2۔الفعل مع زیادۃ اختیار	3۔الفعل مع زیادۃ افعال	4۔الفعل مع زیادۃ انتظام

(89) رضا بالکفر ہے؟

1۔کفر	2۔حرام	3۔مکروہ تحریمی	4۔مکروہ تنزیہی

(90) اھلسنت متکلمین کے نزدیک کافر کو ایمان کا اور فاسق کو طاعات کا بنانا ہے

1۔جائز	2۔ناجائز	3۔حرام	4۔واجب

(91) خلق قبیح کس کے نزدیک قبیح ہے

1۔معتزلہ	2۔فلاسفہ	3۔اھلسنت	4۔سب کے نزدیک

(92) کسب قبیح قبیح ہے

1۔شوافع کے نزدیک	2۔احناف کے نزدیک	3۔فلاسفہ کے نزدیک	4۔بالاتفاق

(93) عمرو بن عبید معتزلی کی بحث کس کے ساتھ ہوئی تھی؟

1۔اشاعری کے ساتھ	2۔معتزلی کے ساتھ	3۔مجوسی کے ساتھ	4۔فلاسفی کے ساتھ

(94) عمرو بن عبید معتزلی نے مجوسی کو کس بات کی دعوت دی تھی؟

1۔اسلام کی	2۔شادی کی	3۔ولیمہ کی	4۔اشاعری کی

(95) قاضی عبد الجبار ھمدانی کس کے پاس آیا تھا؟

1۔استاد ابو اسحاق کے پاس	2۔ابو علی جبائی کے پاس	3۔صاحب ابن عباد کے پاس	4۔عمرو بن عبید اللہ کے پاس

(96) معتزلہ کا امر و نہی کے متعلق کیا عقیدہ ہے؟

1۔امر ارادہ کو اور نہی عدم ارادہ کو مستلزم ہے	2۔دونوں عدم اردہ کو مستلزم ہیں	3۔دونوں وجوب کو مستلزم ہیں	4۔دونوں اختیار کو مستلزم ہیں

(97) بندوں کو افعال اختیاریہ میں طاعات پر ملے گا؟

1۔عذاب	2۔دائمی آرام	3۔ثواب	4۔معافی

(98) جبریہ کے نزدیک بندوں کی حرکات ۔۔۔۔۔کی حرکات کی طرح ہیں۔

1۔حیوانات کی	2۔رعشہ والے کی	3۔جمادات کی طرح	4۔سب کی طرح

(99) اللہ تعالیٰ افعال کو پیدا کرنے میں اور ایجاد کرنے میں۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

1۔ مستقل	2۔عام	3۔عارضی	4۔خاص

(100) کس کے نزدیک بندہ کو اپنے افعال میں اصلا کوئی قدرت نہیں

1۔فلاسفہ	2۔قدریہ	3۔معتزلہ	4۔جبریہ

(101) افعال عباد میں بندہ کو اختیار نہ ہو تو تکلیف۔۔۔۔۔ہو گی

1۔درست ہو گی	2۔درست نہ ہو گی	3۔مکروہ ہو گی	4۔حرام ہو گی

(102) جزاء بما کانو یعملون یہ آیت مبارکہ دلیل ہے؟

1۔اھلسنت کی	2۔جبریہ کی	3۔قدریہ کی	4۔معتزلہ کی

(103) فمن شاء فلیؤمن و من شاء فلیکفر یہ آیت مبارکہ دلیل ہے

1۔معتزلہ کی	2۔اھلسنت کی	3۔فلاسفہ کی	4۔سب کی

(104) زمین رب تعالیٰ کی ملک میں ہے

1۔باعتبار کسب	2۔باعتبار خلق	3۔باعتبار موضوع	4۔باعتبار محل

(105) مسئلہ جبر و اختیار میں کتنے مذاہب ہیں؟

1۔ 5	2۔ 7	3۔ 6	4۔ بے شمار

(106) جن افعال کو ہم قبیح سمجھتے ہیں اس میں کیا ہے؟

1۔عاجزی	2۔حکمتیں اور مصلحتیں	3۔جھوٹ	4۔برائی

(107) وھو تحدید کل مخلوق بحدہ الذی یوجد من حسن وقبح   یہ کس کی تعریف ہے

1۔ارادہ کی	2۔تقدیر کی	3۔قضاء کی	4۔حکم کی

(108) بندہ نہ مجبور محض ہے نہ مختار کل

1۔اہلسنت کے نزدیک	2۔معتزلہ کے نزدیک	3۔فلاسفہ کے نزدیک	4۔حنابلہ کے نزدیک

(109) فلاسفہ کے نزدیک مقدور واحد کتنی قدرتوں کے تحت داخل ہو سکتا ہے

1۔ایک قدرت	2۔دو قدرتوں	3۔مخصوص قدرتوں	4۔بے شمار قدرتوں کے

(110) اہلسنت کے نزدیک بندہ۔۔۔۔۔۔۔۔ہے اور رب تعالیٰ خالق ہے

1۔خالق	2۔فاعل	3۔کاسب	4۔کاتب

(111) اہلسنت کے نزدیک مقدور واحد دو قدرتوں کے تحت کس طرح داخل ہو سکتا ہے

1۔مختلف طریقوں سے	2۔مختف اسموں سے	3۔دو مختلف جہتوں سے	4۔کسی طرح بھی نہیں

(112) کسب۔۔۔۔۔۔کے ساتھ ہوتا ہے

1۔کام کرنے سے	2۔آلہ کے ساتھ	3۔کھانے کے ساتھ	4۔پینے کے ساتھ

(113) حسن متعلق ہوتا ہے

1۔مدح کے	2۔مذمت کے	3۔عقاب کے	4۔ذلت کے

(114) حسن رب تعالیٰ کی۔۔۔۔۔کے ساتھ ہے؟

1۔قضاء	2۔رضا	3۔ارادہ	4۔یہ سب

(115) رب تعالیٰ کی رضا نہیں ہوتی

1۔ قبیح پر	2۔حسن پر	3۔مدح پر	4۔مذمت پر

والاستطاعت مع الفعل

(116) استطاعت فعل کے ساتھ ہوتی ہے۔۔۔۔کہ نزدیک؟

1۔معتزلہ	2۔اہلسنت	3۔جبریہ	4۔کوئی نہیں

(117) اشاعرہ (اہلسنت) کے نزدیک استطاعت ہوتی ہے؟

1۔ فعل کے ساتھ	2۔ فعل کے بعد	3۔ فعل سے پہلے	4۔ فعل کے درمیان

(118) جمہور کے نزدیک استطاعت فعل کے لیے ہے؟

1۔علت	2۔شرط	3۔سبب	4۔واجب

(119) بقاء عرض محال ہے؟

1۔معتزلہ کے نزدیک	2۔فلاسفہ کے نزدیک	3۔اشاعرہ کے نزدیک	4۔کوئی نہیں

(120) استطاعت کی قسمیں ہیں؟

1۔ 1	2۔ 3	3۔ 2	4۔ 5

(121) آلات اسباب صفت بنتے ہیں؟

1۔لفظ سلامت کی	2۔استطاعت	3۔مکلف کی	4۔ لفظ سلامت ومکلف کی

(122) قدرت صلاحیت رکھتی ہے ضدین کی ۔۔۔۔۔۔۔کے نزدیک؟

1۔معتزلہ	2۔امام اعظم	3۔امام اشعری	4۔امام شافعی

(123) ذوسلامۃ الاسباب سے اسم فاعل مشتق نہیں ہوتا ۔۔۔۔۔۔۔کی وجہ سے؟

1۔ معرفہ ہونے	2۔مرکب ہونے	3۔ مفرد ہونے	4۔ان سب کی

(124) جب استطاعت عرض ہے تو پھر اس کا فعل کے ساتھ ۔۔۔۔۔۔۔ہونا ضروری ہے؟

1۔ بالمکان	2۔ بالفعل	3۔ بالزمان	4۔ بالذات

(125) تجدد امثال پایا جائے گا؟

1۔زوال سے پہلے	2۔زوال کے بعد	3۔ فعل کے بعد	4۔زوال کے مقابل

(126) اگر استطاعت سے وہ قدرت مراد ہو جو تمام شرائط کو جامع ہو تو یہ کس طرح ہو گی

1۔ فعل سے پہلے	2۔ فعل کے بعد	3۔ فعل کے ساتھ	4۔ فعل کے اوپر

(127) جمہور کے نزدیک استطاعت ہے؟

1۔ جنس	2۔نوع	3۔عرض	4۔اصل

(128) اہلسنت کے نزدیک فعل سے پہلے ہوتی ہے؟

1۔استطاعت مجازی	2۔استطاعت اصلی	3۔استطاعت حقیقی	4۔ان میں سے کوئی نہیں

(129) بندہ ذم عقاب کا مستحق ہوتا ہے

1۔ فعل خیر کی وجہ سے	2۔ فعل شر کی وجہ سے	3۔استطاعت مجازی کی وجہ سے	4۔اپنی ذات کی وجہ سے

(130) قدرت سابقہ کو فرض کرنا فعل کے وقت ہو گا

1۔ تجدد امثال کے ساتھ	2۔بقاء اعراض کے ساتھ	3۔استقامت کے ساتھ	4۔ قدرت بعینہٖ کے ساتھ

(131) وہ استطاعت جو وقت فعل پائی جائے کہلاتی ہے؟

1۔ حکمی	2۔ حقیقی	3۔ مجازی	4۔اضافی

(132) آلات واسباب کی سلامتی والی استطاعت کہلاتی ہے؟

1۔ حکمی	2۔ حقیقی	3۔ مجازی	4۔ حکمی و مجازی دونوں

(133) اعراض کی بقاء کا ممتنع ہونا ایسے مقدمات پر مبنی ہے جن کا ثابت کرنا۔۔۔۔۔۔۔ہے؟

1۔ ممکن	2۔نا ممکن	3۔آسان	4۔ دشوار

(134) تکلیف کی صحت موقوف ہے استطاعت۔۔۔۔۔۔۔پر؟

1۔ حقیقی	2۔ حکمی	3۔ مجازی	4۔ان میں سے کوئی نہیں

(135) استطاعت ایک ایسی صفت ہے جسے اللہ پاک پیدا فرماتا ہے؟

1۔بندے کے ارادہ کرنے کے بعد	2۔بندہ کے ارادہ کے وقت	3۔بندے کے ارادے سے پہلے	4۔ان میں سے کوئی نہیں

(136) استطاعت کو ثابت کرنے کے لیے کتنے مقدمات ہیں؟

1۔ 5	2۔ 1	3۔ 2	4۔ 3

(137) معتزلہ نے کہا اگر ہم استطاعت کو فعل کے ساتھ مانیں تو۔۔۔۔۔لازم آئے گی؟

1۔تکلیف العاجز	2۔تکلیف العاقل	3۔تکلیف المکلف	4۔کوئی نہیں

(138) بندہ اپنے فعل کے اثر کا خود مالک ہے؟

1۔معتزلہ کے نزدیک	2۔اشاعرہ کے نزدیک	3۔ماتریدیہ کے نزدیک	4۔کسی کے بھی نہیں

والحرام رزق

(139) حرام رزق ہے۔۔۔۔۔۔کے نزدیک؟

1۔معتزلہ	2۔فلاسفہ	3۔اشاعرہ	4۔تینوں

(140) اشاعرہ کے نزدیک رزق وہ ہے جسے اللہ پہنچائے؟

1۔حیوان تک	2۔زمین تک	3۔آسمان تک	4۔ان میں سے کوئی نہیں

(141) اہلسنت کے نزدیک ہدایت کا معنی ہے

1۔خلق اہتداء	2۔بیان الحق	3۔گمراہی سے بچانا	4۔ان میں سے کوئی بھی نہیں

(142) معتزلہ کے نزدیک ہدایت کا معنی ہے؟

1۔حق کا راستہ بیان کرنا	2۔ہدایت کو بیان کرنا	3۔گمراہی کا معدوم ہونا	4۔ہدایت یافتہ ہونا

(143) گمراہی کا معنی ہے کسی بندے کا نام گمراہ رکھنا؟

1۔اہلسنت کے نزدیک	2۔معتزلہ کے نزدیک	3۔فلاسفہ کے نزدیک	4۔اشاعرہ کے نزدیک

(144) الدلالة الموصلة الی المطلوب ہدایت کی تعریف ہے۔۔۔۔۔۔۔کے نزدیک؟

1۔ماتریدیہ	2۔اشاعرہ	3۔معتزلہ	4۔فلاسفہ

ولا یکلف العبد بما لیس فی وسعه تکلیف ما لا یطاق

(145) مالایطاق کی اقسام ہیں۔

1۔ 3	2۔ 1	3۔ 2	4۔ 5

(146) ولا یکلف العبد بما لیس فی وسعه میں اختلاف ہے

1۔معتزلہ و اشاعرہ کا	2۔کرامیہ و معتزلہ کا	3۔ماتریدیہ و اشاعرہ کا	4۔کرامیہ و اشاعرہ کا

(147) محال کی کتنی اقسام ہیں؟

1۔چار	2۔تین	3۔دو	4۔دس

(148) ربنا ولا تحملنا ما لا طاقة لنا به بطور۔۔۔۔۔۔۔بیان ہوئی۔

1۔حکایت	2۔امر	3۔دلیل	4۔وجوب

(149) موت عدمی ہے۔۔۔۔۔۔کے نزدیک؟

1۔اکثر کے	2۔بعض کے	3۔معتزکہ کے	4۔فلاسفہ کے

(150) اجل واحد ہے۔۔۔۔۔۔۔کے نزدیک؟

1۔اہلسنت	2۔معتزلہ	3۔فلاسفہ	4۔سب کے

(151) والمقتول میت بأجلہ کس کے نزدیک ہے

1۔معتزلہ	**2۔اہلسنت**	3۔فلاسفہ	4۔کرامیہ

(152) مقتول مرتا ہے قاتل کی وجہ سے۔۔۔۔۔۔کے نزدیک؟

1۔معتزلہ	2۔فلاسفہ	3۔اہل سنت	4۔کسی کے بھی نہیں

(153) شارح علیہ الرحمہ ایک نکتہ بیان کرتے ہیں کہ ہر وہ شے جس کے عدم و وقوع کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے علم اور اس کے ارادہ واختیار کا تعلق ہو جائے وہ ہو گی؟

1۔محال	2۔ممکن	3۔جائز	4۔واقع

(154) کعبی معتزلی کے نزدیک موتیں کتنی ہیں؟

1۔ 2	2۔ 1	3۔ 4	4۔ 3

(155) موتیں دو ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔کے نزدیک؟

1۔معتزلہ	2۔فلاسفہ	3۔اشاعرہ	**4۔ معتزلہ وفلاسفہ دونوں**

(156) اللہ تعالیٰ بندے کو اس چیز کا مکلّف نہیں بناتا جو اس کی۔۔۔۔۔میں نہ ہو؟

1۔طاقت وقدرت	2۔علم	3۔ارادہ	4۔تقدیر

(157) انبئونی باسماء ھؤلاء۔۔۔۔۔۔کیلئے ہے؟

1۔مکلّف بنانے کے لیے	**2۔عاجز کرنے کی لیے**	3۔حکایت کے لئے	4۔شرافت کے لئے

(158) لازم کا محال ہونا واجب کرتا ہے۔۔۔۔۔کے محال ہونے کو؟

1۔ملزوم	2۔سبب	3۔مسبّب	4۔شرط

(159) اللہ تعالیٰ مقتول سے اس کی اجل کو قطع کر دیتا ہے۔۔۔۔۔۔کے نزدیک؟

1۔معتزلہ	2۔ماتریدیہ	3۔اشاعرہ	4۔حنابلہ

(160) اہلسنت کے نزدیک قاتل پر ضمان، قصاص اور وجوب عقاب ہوتا ہے۔

1۔امر تعبدی کی وجہ سے	2۔فعل ذاتی کی وجہ سے	3۔امر عقلی کی وجہ سے	4۔کوئی بھی نہیں

(161) رطوبات کے حل ہونے اور بدن کی حرارت کے ختم ہونے سے جو موت آتی ہے وہ کہلاتی ہے؟

1۔طبعی	2۔احترامی	3۔حادثاتی	4۔قاتلی

اصلح للعبد

(162) اصلح للعبد میں اختلاف ہے؟

1۔اہلسنت و معتزلہ کا	2۔اشاعرہ وماتریدیہ کا	3۔فلاسفہ واہلسنت کا	4۔ماتریدیہ وفلاسفہ کا

(163) اصلح للعبد اللہ پر واجب ہے۔۔۔۔۔کے نزدیک؟

1۔معتزلہ	2۔اشاعرہ	3۔ماتریدیہ	4۔فلاسفہ

(164) معتزلہ کی طبیعتوں مین راسخ ہے؟

1۔غائب کو حاضر پر قیاس کرنا	2۔قیاس پر عمل کرنا	3۔حاضر کو غائب پر قیاس کرنا	4۔عقیدہ تناسخ کا قول کرنا

(165) اگر اصلح للعبد اللہ پر واجب ہو تو پھر مختلف بھلائیاں مخلوق کو عطا فرمانا ہو گا بطریق؟

1۔احسان	**2۔واجب**	3۔ مستحب	4۔امتنان

(166) معتزلہ کے اکثر اصول فاسد ہونے کی وجہ ہے ان کی نظر کا قاصر (فاسد) ہونا

1۔قرآن میں	2۔حدیث میں	3۔معارف الٰہیہ میں	4۔قیاس میں

(167) معتزلہ کی اقوی دلیلوں میں سے ہے کہ اصلح کو ترک کرنا ہے؟

1۔بخل	2۔سفاہت	3۔گناہ	4۔ بخل و سفاہت دونوں

(168) اصلح للعبد واجب نہیں ہے؟

1۔معتزلہ کے نزدیک	2۔فلاسفہ کے نزدیک	3۔اہلسنت کے نزدیک	4۔تینوں کے نزدیک

(169) جو روکنے والے کا حق ہے اس کو روکنا؟

1۔بخل ہے	2۔سفاہت ہے	3۔گناہ ہے	4۔ان میں سے کوئی نہیں

(170) اللہ تعالیٰ کا کریم ہونا حکیم ہونا اور انجام سے واقف ہونا۔۔۔۔۔۔۔۔سے ثابت ہے

1۔قیاس سے	2۔حدیث سے	3۔اخبار سے	4۔ادلہ قطعیہ سے

(171) ادلہ قطعیہ سے ثابت ہے اللہ پاک کا کریم ہونا انجام سے واقف ہونا حکیم ہونا۔۔۔۔۔۔۔ہے

1۔واجب	2۔لازم	3۔ ممکن	4۔ محض عدل اور حکمت

عذاب قبر

(172) عذاب قبر ہوگا

1۔صرف کافروں کو	2۔سب مسلمانوں اور سب کافروں کو	3۔ بعض کافروں کو	4۔ تمام کافروں اور بعض گناہگاروں کو

(173) قبر میں نعمتیں ہونگی

1۔کافروں کے لیے	2۔مؤمنین کے لیے	3۔ کسی کے لیے بھی نہیں	4۔سب کے لیے

(174) قبر میں سوالات کریں گے

1۔منکر و نکیر	2۔ کراماکاتبین	3۔عزرائیل علیہ السلام	4۔اسرافیل علیہ السلام

(175) قبر کا عذاب، سوال منکر نکیر ثابت ہے

1۔دلائل سمعیہ سے	2۔صرف قیاس سے	3۔صرف حدیث سے	4۔ کسی سے بھی نہیں

(176) اغرقو فادخلوا نارا دلیل ہے؟

1۔قبر میں نعمت کی	2۔قبر میں عذاب کی	3۔دونوں کی	4۔ کسی کی بھی نہیں

(177) استزهوا عن البول فان عامة عذاب القبر منه عذاب قبر کے بارے میں ہے

1۔آیت قرآنی	2۔حدیث مبارکہ	3۔قول بزرگان دین	4۔صحابی کا فرمان

(178) جب میت کو قبر میں اتارا جائے گا تو منکر نکیر تشریف لائینگے ان کی حالت ہوگی

1۔اسودان ازرقان	2۔ابیضان اسودان	3۔احمر واصفر	4۔مختلف صورتوں میں

(179) عذاب قبر کا انکار کیا ہے

1۔اشاعرہ نے	2۔ماتریدہ نے	3۔فلاسفہ نے	4۔ بعض معتزلہ اور روافض نے

(180) معتزلہ کے نزدیک میت ہے

1۔جماد	2۔حیوان	3۔پتھر	4۔معدوم

(181) بعث ہے

1۔حق	2۔جھوٹ	3۔فضول	4۔ان میں سے کوئی بھی نہیں

(182) بعث پر دلیل ہے

1۔ثم انکم یوم القیامة تبعثون	2۔وجوہ یومئذ ناضرہ	3۔قل یحیھا لاالذی انشاھا اول مرة	4۔پہلی اور تیسری

(183) فلاسفہ نے بعث کا انکار کرتے ہوئے دلیل دی ہے

1۔امتناع اعادۃ المعدوم بعینه	2۔قل یحیھا الذی انشاھا اول مرة	3۔ثم انکم یوم القیامة تبعثون	4۔یہ سب

(184) بعث کہتے ہیں

1۔مردوں کو قبروں سے اٹھانا اللہ کے حکم سے	2۔مردوں کے قبر سے اٹھنے کا انکار کرنا	3۔حشر کی طرف جانا	4۔جنت میں جانا

(185) شارح کی مراد بعث سے کیا ہے

1۔اللہ تعالیٰ اجزاء اصلیہ کو پیدا فرمائے گا	2۔اجزاء اصلیہ کو پیدا نہیں فرمائے گا	3۔دونوں	4۔ان میں سے کوئی بھی نہیں

(186) اجزاء اصلیہ باقی رہتے ہیں

1۔اول عمر سے آخری عمر تک	2۔اول عمر سے جوانی تک	3۔دس سال تک	4۔تین سال تک

(187) تناسخ کا وقوع ہے

1۔سکھوں کے نزدیک	2۔ہندوؤں کے نزدیک	3۔مجوسیوں کے نزدیک	4۔ان سب کے نزدیک

(188) مامن مذھب الا وفیه للتناسخ قدم الراسخ یہ قول ہے

1۔مصنف علیہ الرحمہ کا	2۔شارح علیہ الرحمہ کا	3۔امام جالال الدین سیوطی کا	4۔امام جلال الدین رومی کا

(189) الوزن ہے

1۔حق	2۔باطل	3۔مکروہ	4۔جائز

(190) وزن کے حق ہونے پر دلیل ہے

1۔والوزن یومئذ ٍالحق	2۔قل یحیھا الذی انشاھا اول مرة	3۔الملک یومئذٍ الحق	4۔وجوہ یومئذ الناضرہ

(191) کتاب ہے؟

1۔حق	2۔باطل	3۔مکروہ	4۔جائز

(192) کتاب کے حق ہونے کا انکار کیا ہے

1۔فلاسفہ نے	2۔معتزلہ نے	3۔مجوسیوں نے	4۔ہندوؤں نے

(193) اللہ کریم کن کے گناہ معاف فرمادے گا

1۔مؤمنین کے	2۔کفار کے	3۔ہندوؤں کے	4۔عیسائیوں کے

(194) بروز قیامت ہر مخلوق کے حق میں سوال ہیں؟

1۔حق	2۔باطل	3۔مکروہ	4۔ضعیف

(195) الا لعنۃ اللہ علی الظاّلمین یہ نداء دی جائے گی

1۔مؤمنین کو	2۔کفار و منافقین کو	3۔مجاھدین کو	4۔علماء کو

(196) حوض۔۔۔۔۔۔ہے

1۔نہر	2۔پل	3۔دریا	4۔کوئی بھی نہیں

(197) حوض کتنی مسافت پر ہے

1۔ 20 سال	2۔ 1 ماہ	3۔ 10 ماہ	4۔ بے شمار

(198) صراط کاانکار کیا ہے

1۔فلاسفہ نے	2۔جبریہ نے	3۔معتزلہ نے	4۔سب نے

(199) صراط ہو گی

1۔بال سے زیادہ باریک	2۔تلوار سے زیادہ تیز	3۔جہنم کے اوپر پل	4۔یہ سب

(200) رب تعالیٰ اس بات پر قادر ہے کہ مؤمنین عبور کر جائیں

1۔پل صراط کو	2۔حوض کو	3۔جہنم کو	4۔سب کو